© rasailojaraid.com

گئی ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

''بدنظری اوراس کا علاج'' مرتب:محمد اقبال قریشی

قیمت:چار روپے کے ڈاک ٹکٹ ناشر:ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، جناح ٹاؤن، ہارون آباد

زیرنظر رسالے میں مرتب نے اس بات پر زور دیا ہے کہ جن چیزوں کواللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے اُن پر نگاہ بھی نہ ڈالی جائے۔بدنظری بہت بڑا گناہ ہے۔مؤلف نے مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کے ارشادات وملفوظات سے متعلقہ موادکو یکجا کر دیا ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

''آدابِ اسلام'' افادات:حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ مرتب:محمد اقبال قریشی

ناشر:ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ،جناح ٹاؤن، لاہور

چونسٹھ صفحات کی اس چھوٹی سی کتاب میں مرتب نے زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق مولانا اشرف علی تھانویؒ کے ملفوظات سے بہت ہی قیمتی باتیں منتخب کر کے شائع کر دی ہیں۔عام قاری کیلئے بہت ہی مفید کتاب ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

''حجاج بن یوسفؒ '' مؤلف:ابن اعظم

قیمت:۲۰روپے ضخامت:۴۸صفحات ناشر: مکتبہ تطہیر تاریخ اسلام،لاہور،کراچی،اسلام آباد

اس رسالہ میں اموی گورنر حجاج بن یوسف کی زندگی کے حالات وواقعات بیان کئے گئے ہیں اورکوشش کی گئی ہے کہ مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ جوگرد وغبار،اشرار کی طرف سے تاریخ پر ڈالا جاتا رہا ہے،اسے صاف کیا جائے کہ ایک خاندان برسراقتدار آیا تو وہ دوسرے خاندان کی تمام اچھائیوں کوتاریخ سے کھرچنے کی کوشش کرتا رہا۔دوسرے خاندان کوحکومت ملی تو اس نے سارا زور پہلے خاندان کی برائیاں بیان کرنے میں لگادیا۔تاریخ کے روز بازار میں،مؤرخ کے صوابدیدی جذبے کے دخل کا انکارمشکل ہے۔انسان محاسن وقبائح کا مجموعہ ہے۔انبیاء ورسل معصوم عن الخطاء اورصحابہ محفوظ ومغفور ہیں۔اورصرف تنقید سے بالا ہیں۔باقی ہرشخص کواس کی خوبیوں اورخامیوں سمیت قبول کیا جائے توشخصیت مکمل ہوتی ہے۔باقی حجاج بن یوسف نے قرآن پاک پراعراب لگانے سمیت بہت سے اچھے کام کئے۔بے شک وہ ایک اچھا منتظم اور مارشل قسم کا آدمی تھا۔مگر سیدنا عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ جوماً خذ کی قدیم تمام کتابوں میں موجود ہے،اُس سے اُسے بَری کیسے قرار دیا جاسکتا ہے؟واقعہ کی نوعیت میں فرق ہوسکتا ہےمگراس کے وقوع میں کوئی حرف نہیں لگایا جاسکتا۔رسالہ لائق مطالعہ ہے۔ (تبصرہ:ابوالادیب)

## دعائے صحت

- مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن جناب ملک ظہورالحق کے والد صاحب شدید علیل ہیں۔
- مجلس احرار اسلام کے قدیمی معاون محترم سید عبدالستارشاہ صاحب (بدلی شریف،ضلع رحیم یارخان) شدید علیل ہیں اور ہسپتال داخل ہیں۔ قارئین اُن کی صحت یابی کے لیے دعافرمائیں۔(ادارہ)


© rasailojaraid.com